City of Mississauga
300 City Centre Drive
Mississauga, ON L5B 3C1

News Release

mississauga.ca facebook.com/citymississauga twitter.com/citymississauga

میئر آف Mississauga کے لیے ایک امیدوار بنیں: ضمنی انتخاب برائے 2024 کے لیے نامزدگیوں کا مرحلہ 6 مارچ کو سہ پہر 3 بجے سے کھل جائے گا۔

29 فروری 2024

Mississauga کے میئر کے ضمنی انتخاب میں حصہ لینے میں دلچسپی رکھنے والے امیدواروں کے لیے نامزدگیوں کا مرحلہ بروز بدھ، 6 مارچ کو سہ پہر 3 بجے سے کھل جائے گا۔ کاغذات نامزدگی 26 اپریل 2024 کو دوپہر 2 بجے تک قبول کیے جائیں گے۔
اہل امیدوار کے لیے درج ذیل شرائط پر پورا اترنا لازمی ہے:

- کینیڈا کا شہری ہو
- کم از کم 18 سال ہو
- Mississauga کا رہائشی ہو یا Mississauga میں کسی جائیداد کا مالک یا کرایہ دار ہو یا شہر میں کسی جائیداد کے مالک یا کرایہ دار کا/کی شریک حیات ہو
- میونسپل الیکشنز ایکٹ *1996* کے تحت یا کسی دوسری قانونی صورت میں اس پر کوئی پابندی نہ ہو

رجسٹر کیسے کریں

اگر آپ امیدوار بننے اور Mississauga کے میئر کے لیے انتخاب لڑنے میں دلچسپی رکھتے ہیں، تو درج ذیل مراحل پورے کرنا لازمی ہے:

1. نامزدگی پیکج کو مکمل کریں۔
2. اپنا مکمل شدہ پیکج فائل کرنے کے لیے کسی الیکشن اہلکار سے ذاتی طور پر ملنے کے لیے ایک اپائنٹمنٹ بک کریں۔ الیکشن آفیسر آپ کی شناختی دستاویزات کی توثیق کرے گا اور اس بات کو یقینی بنائے گا کہ آپ کا نامزدگی پیکج ٹھیک طرح سے مکمل شدہ ہے اور یہ تمام شرائط کو پورا کرتا ہے۔
3. $200 کی نامزدگی فیس ادا کریں۔ یہ ادائیگی اس وقت کی جاتی ہے جب آپ کے نامزدگی پیکج اور شناخت کی الیکشن اہلکار کی طرف سے تصدیق ہو جاتی ہے۔

امیدوار کی معلوماتی نشست میں شامل ہوں

26 مارچ بروز منگل شام 6 تا رات 10 بجے تک امیدواروں کی معلومات کے لیے ایک مفت اجلاس منعقد کیا جا رہا ہے، جس میں دلچسپی رکھنے والے افراد یا میئر کا الیکشن لڑنے والے امیدوار شامل ہو سکتے ہیں۔ آپ کونسل چیمبرز میں Mississauga سٹی ہال میں ذاتی طور پرجا کر شرکت کرنے یا لائیو اسٹریم دیکھنے کا انتخاب بھی کر سکتے ہیں۔
امیدوار بننے میں دلچسپی رکھنے والے افراد کے لیے مفید معلومات یہاں پر دستیاب ہیں: mississaugavotes.ca/by-election-2024/for-candidates/

میئر کے ضمنی انتخاب کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں: mississauga.ca/elections یا کال کریں: (905-615-VOTE (8683

فوٹو:

-30-

میڈیا کنٹیکٹ:

City of Mississauga میڈیا ریلیشنز
media@mississauga.ca
905-615-3200, ext. 5232
TTY: 905-896-5151